## سبق-7



# ہَوا

ہوا بے حد ضروری ہے
ہوا سے زِندگانی ہے
ہوا سے سانس چلتی ہے
جو جینے کی نشانی ہے



© NCERT not to be republished

ہوا سے آدمی زندہ
ہوا سے پیڑ بھی زندہ
ہوا سے جانور زندہ
پرندے پیڑ پر زندہ
ہوا سے تن دُرستی ہے
اگر وہ صاف سُتھری ہے
ہوا کو صاف ہی رکھیں
اُسے گندا نہ ہونے دیں

(کوثر صدیقی)



© NCERT not to be republished

## مشق



### پڑھیے اور سمجھیے ۔


بے حد : جس کی حد نہ ہو، بہت زیادہ

زندگانی : زندگی



### اِن سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. ہوا ہمارے لیے کیوں ضروری ہے؟
2. جینے کی نشانی کسے کہا گیا ہے؟
3. ہوا سے کون کون سی چیزیں زندہ رہتی ہیں؟
4. تن دُرستی کے لیے ہوا کیسی ہونی چاہیے؟



### خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے ۔

سانس   گندا   ضروری   صاف   پیڑ

1. ہوا بے حد ______ ہے
2. ہوا سے ______ چلتی ہے

© NCERT not to be republished

3. پرندے ______ پر زندہ

4. ہوا کو ______ ہی رکھّیں

5. اسے ______ نہ ہونے دیں



## حروف کوملا کر لفظ بنایئے۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| .................. | = | | | ا | و | ہ | .1 |
| .................. | = | | | ف | ا | ص | .2 |
| .................. | = | | س | ل | ا | س | .3 |
| .................. | = | ی | ن | ا | ش | ن | .4 |
| .................. | = | ے | د | ن | ر | پ | .5 |



## لفظوں کو دیکھ کر خالی خانوں میں صحیح حرف لکھیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | ڑ | | پ | = | پیڑ .1 |
| ے | ن | | ج | = | جینے .2 |

© NCERT not to be republished

3. زندہ = | ز | ن | | ہ |

4. جانور = | ج | ا | | و | ر |

5. زندگانی = | ز | ن | د | | ا | ن | ی |



حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملائیے۔

| الف | ب |
|---|---|
| چلنا | جانا |
| تن دُرستی | لینا |
| صاف | رکنا |
| دینا | بیماری |
| آنا | گندا |



لفظ ''نشان'' سے ''نشانی'' بنا ہے۔ اِسی طرح نیچے دیے ہوئے لفظوں کو بدل کر لکھیے۔

زبان = ________

جوان = ________

© NCERT not to be republished

مہربان = ____________

آسمان = ____________

نادان = ____________



## سوچیے اور بتائیے۔

1. زندہ رہنے کے لیے ہوا کے علاوہ اور کیا کیا چیزیں ضروری ہیں؟

2. ہوا کو صاف رکھنے کو کہا گیا ہے۔ اور کن چیزوں کو صاف رکھنا ضروری ہے؟



## خوش خط لکھیے۔

| | |
|---|---|
| آدمی | ____ ____ ____ ____ ____ |
| گندا | ____ ____ ____ ____ ____ |
| جانور | ____ ____ ____ ____ ____ |
| تن دُرستی | ____ ____ ____ ____ ____ |
| زندگانی | ____ ____ ____ ____ ____ |



## اس نظم کو یاد کیجیے۔

© NCERT not to be republished